نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کا ضلع اوکاڑہ میں کسان کارڈ فراہمی مرکز کا دورہ۔

وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کاشتکاروں کی پہچان ثابت ہو گا۔وزیرزراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی

16 ستمبر 2024:سید عاشق حسین کرمانی وزیرزراعت،لائیوسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب نے ضلع اوکاڑہ میں کسان کارڈ فراہمی مرکز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید، آر پی او ساہیوال محبوب رشید ڈپٹی کمشنر ضلع اوکاڑہ کیپٹن(ر) فرخ عتیق خان، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ضلع اوکاڑہ محمد راشد ہدایت اور ڈائریکٹر زراعت توسیع ضلع ساہیوال چوہدری شہباز بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اپنے دورہ کے دوران صوبائی وزیر نے کسان کارڈ فراہمی سنٹر پر انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے حصول کیلئے اب تک ساڑھے 8 لاکھ کاشتکار رجسٹریشن کرا چکے ہیں جبکہ اڑھائی لاکھ کسان کارڈز کی پرنٹنگ کے بعد فراہمی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ 15 اکتوبر تک 5 لاکھ کارڈز ڈلیور کر دیئے جائیں گے۔ وزیراعلی پنجاب کسان کارڈ کی فراہمی کے لیے صوبہ میں تحصیل کی سطح پر 134 مراکز قائم کیے گئے ہیں۔وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی فراہمی کا سلسلہ 15 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ صوبائی وزیر زراعت نے واضح کیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ گندم کے زرعی مداخل کی خریداری کیلئے استعمال ہو گا۔ ضلع اوکاڑہ میں 21 ہزار سے زائد کاشتکار رجسٹریشن کرا چکے ہیں اور ان کی فراہمی کے لیے کسان کارڈ فراہمی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔کسان کارڈ ڈلیوری سنٹرز پر محکمہ زراعت کے عملہ کو کاشتکاروں کی رہنمائی کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ وزیراعلی پنجاب زرعی ترقی کے لیے ہر ممکن اقدام کررہی ہیں۔ اس ضمن میں زرعی میکانائزیشن کو فروغ دینے کے لیے وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت 10 لاکھ روپے فی ٹریکٹر سبسڈی دی جائے گی۔ اس کے علاوہ کاشتکاروں کو بین الاقوامی طرز کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ساہیوال سمیت بہاولپور،ملتان اور سرگودھا میں ماڈل ایگری مالز قائم کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملکی تاریخ میں پہلی بار زرعی گریجوایٹس انٹرن شپ پروگرام متعارف کرایا گیا جس کے تحت انٹرنیز کو 60 ہزار روپے ماہانہ وظیفہ دیا جائے گا۔

-0-0-0-0-0-